## قیامت خیز سیلاب کے پیش نظر عوام، پاکستان کا یوم آزادی سادگی سے منائیں، الطاف حسین

## جشن آزادی کی تقریبات اور سجاوٹ کیلئے مخصوص رقم سے سیلاب زدگان کی بھرپور مدد کی جائے

## آزادی ایک بڑی نعمت ہے اور اس کی قدر کرنا ہر محبت وطن پاکستانی کا بنیادی فرض ہے

## جاگیردارانہ نظام نے عوام کو آزادی کے ثمرات سے محروم کر رکھا ہے، 64ویں یوم آزادی کے موقع پر پیغام

لندن۔۔۔13، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم پاکستانیوں کو یوم آزادی کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ملک بھر کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ملک میں آنے والے قیامت خیز سیلاب کے باعث جشن آزادی سادگی سے منائیں اور جشن آزادی کے انتظامات پر خرچ کی جانے والی رقم سے سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی بھرپور امداد کریں۔ پاکستان کے 64ویں یوم آزادی کے موقع پر اپنے پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ آزادی ایک بہت بڑی نعمت ہے جس کی قدر کرنا اور اپنی آزادی کی حفاظت کرنا نہ صرف ہر محبت وطن پاکستانی کا بنیادی فرض ہے بلکہ انہیں چاہئے کہ وہ نوجوان نسل کو آزادی کی اہمیت اور افادیت سے بھی آگاہ کریں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کی آزادی کے فوری بعد ملک پر جاگیرداروں اور وڈیروں نے قبضہ کر کے ملک بھر کے عوام کی آزادی چھین لی اور طاقت کے بل پر غریب عوام کو زندہ رہنے اور زندگی گزارنے کے حق سے بھی محروم کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج بھی ملک و قوم پر مسلط فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام اور موروثی سیاسی کلچر نے ملک بھر کے 98 فیصد غریب و متوسط طبقہ کے عوام کو آزادی کے ثمرات سے محروم کر رکھا ہے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ تمام سیاسی و مذہبی جماعتیں پاکستان کی بقاء و سلامتی، ترقی و خوشحالی اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے عملی جدوجہد کریں اور پاکستان میں قومی یکجہتی کے فروغ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ جناب الطاف حسین کہا کہ نے اس وقت پاکستان اور اس کے عوام تاریخ کے بدترین سیلاب کی تباہ کاریوں کا سامنا کر رہے ہیں، سینکڑوں افراد جاں بحق ہو چکے ہیں، سیلابی ریلوں میں گاؤں کے گاؤں صفحۂ ہستی سے مٹ چکے ہیں جبکہ لاکھوں خاندان بھوک و افلاس کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے عوام سے اپیل کی کہ وہ ہولناک تباہی کے پیش نظر جشن آزادی انتہائی سادگی سے منائیں، جشن آزادی کی تمام تقاریب منسوخ کریں اور جشن آزادی کے سلسلے میں ملک بھر میں سجاوٹ اور دیگر انتظامات پر خرچ کی جانے والی رقم سے سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی بھرپور مدد کریں۔

## قیامت خیز سیلاب کی تباہ کاریوں سے نجات کیلئے کھلے آسمان تلے چھوٹے بڑے میدانوں میں

## دو رکعت نماز استغفار ادا کریں۔ پاکستان کے تمام مسلمانوں سے الطاف حسین کی درمندانہ اپیل

## نماز کے بعد سات مرتبہ درود تنجینا، سات مرتبہ ''استغفراللہ ربِّ من کل ذنب'' واتوب الیہ'' پڑھیں،

## اس کے بعد نماز استغفار کی امامت کرنے والے امام سات مرتبہ دعائے سید الاستغفار پڑھیں، عوام اس دعا کو اجتماعی طور پر دوہرائیں

لندن۔۔۔13 اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان کے تمام مسلمانوں سے دردمندانہ اپیل کی ہے کہ وہ قیامت خیز سیلاب کی تباہ کاریوں سے نجات کیلئے کھلے آسمان تلے چھوٹے بڑے میدانوں میں دو رکعت نماز استغفار ادا کریں۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان اس وقت تاریخ کے بدترین سیلاب کی تباہ کاریوں سے دوچار ہے، اس قدرتی آفت کے نتیجے میں ہزاروں افراد جاں بحق، ہزاروں لاپتہ اور لاکھوں بے گھر ہو چکے ہیں، شہر کے شہر تباہ ہو چکے ہیں، سینکڑوں دیہات صفحۂ ہستی سے مٹ گئے ہیں، کھڑی فصلیں، سڑکیں اور پل تباہ ہو چکے ہیں، ہر طرف تباہی و بربادی ہے۔ انہوں نے عوام سے دردمندانہ اپیل کی کہ وہ اس قدرتی آفت سے نجات کیلئے کھلے آسمان تلے چھوٹے بڑے میدانوں میں باجماعت دو رکعت نماز استغفار ادا کریں۔ نماز کے بعد سات مرتبہ درود تنجینا، سات مرتبہ ''استغفراللہ ربِّ من کل ذنب'' واتوب الیہ'' پڑھیں۔ اس کے بعد نماز استغفار کی امامت کرنے والے امام سات مرتبہ دعائے سید الاستغفار پڑھیں اور عوام سے کہیں کہ وہ اس دعا کو اجتماعی طور پر دوہرائیں۔ (دعائے استغفار منسلک ہے) دعائے استغفار پڑھنے کے بعد عوام خشوع و خضوع کے ساتھ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ملک کو سیلاب کی ناگہانی آفت سے جلد از جلد نجات دلائے، ہمارے گناہوں کو معاف فرمائے اور ہم پر اپنی رحمت کے دروازے کھول دے اور ہماری غیب سے مدد فرمائے۔

## رابطہ کمیٹی کے اراکین نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی امدادی کیمپ کا دورہ کیا
## کے کے ایف کے صدر دفتر سے سیلاب زدگان کیلئے امدادی اشیاء پر مشتمل ایک ٹرک سکھر بیس کیمپ روانہ کر دیا

کراچی۔۔۔13، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس قائم خانی، رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب بخاری، ڈاکٹر صغیر احمد، واسع جلیل اور سلیم تاجک نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر کا دورہ کیا اور قائد تحریک الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر سیلاب زدگان کی امداد کیلئے لگائے گئے مرکزی امدادی کیمپ میں امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ انیس قائم خانی اور رابطہ کمیٹی کے اراکین نے امدادی کیمپ میں سیلاب متاثرین کی امداد کیلئے آٹے، چینی، دالیں، ملبوسات اور روزمرہ استعمال کی اشیاء معائنہ کر کے اطمینان کا اظہار کیا۔ رابطہ کمیٹی نے امدادی کیمپ میں خدمات انجام دینے والے رضا کاروں اور کارکنوں سے ملاقاتیں کیں اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا اور شاباش دی۔ دریں اثناء خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر سے گزشتہ روز اندرون سندھ سیلاب متاثرین کی بھرپور امداد کیلئے امدادی اشیاء سے لدا ایک ٹرک سکھر بیس کیلئے روانہ کر دیا گیا۔ یہ امدادی ٹرک ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری نے اپنی نگرانی میں روانہ کیا۔ امدادی ٹرک لاکھوں روپے مالیت پر مشتمل ہے جس میں آٹا، چاول دالیں، گھی، تیل، ملبوسات اور دیگر ضروریات زندگی کی اشیاء بڑی مقدار میں شامل ہیں۔ اس موقع پر رضا کاروں اور کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ بھائیوں کی امداد کرنا ہمارا اولین فرض ہے اور یہی وجہ ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین وطن سے دوری کے باوجود سیلاب زدگان کے درد، دکھ اور تکلیف کو نہ صرف محسوس کر رہے ہیں بلکہ ان کی جانب سے سیلاب زدگان کی عملی خدمت پر مسلسل زور دیا جا رہا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ جناب الطاف حسین کی ملک بھر کے سیلاب متاثرین کی عملی خدمت انجام دے کر انہیں مصیبت اور دکھ کی گھڑیوں سے نکالنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کی سیلاب زدگان کیلئے بھرپور امداد ی سرگرمیاں جاری رہیں گی۔

## اٹلی میں سمندر پار پاکستانی انجمن کے زیر اہتمام حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر شہید کے لئے قرآن خوانی کا اجتماع
## الطاف حسین و تنظیم کے کارکنان سمیت شہداء کے سوگواران سے اظہار تعزیت

پروشیا (اٹلی)۔۔13 اگست 2010ء

سمندر پار پاکستانی انجمن کے زیر اہتمام اٹلی کے شہر پروشیا میں محمدیہ مسجد میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر اور ان کے محافظ محمد خالد خان کی روح کے ایصال ثواب قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کا اجتماع منعقد ہوا جس میں شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ اس موقع پر شرکاء نے کراچی میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر اور محافظ محمد خالد خان کے قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کا اظہار کرتے ہوئے حکومت پاکستان سے قاتلوں کی گرفتاری کا مطالبہ کیا اور ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین و تنظیم کے کارکنان سمیت شہداء کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور شہداء کے بلند درجات و سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔ اجتماع میں اٹلی میں سمندر پار پاکستانی انجمن کے صدر راجہ وقاص علی و دیگر عہدیداران و ارکان، پاک اٹلی پریس کلب کے چیف آرگنائزر ملک عبدالرؤف، جنرل سیکریٹری حسین سلیم ،معروف بزنس مین ساجد گوندل کے علاوہ سیاسی و سماجی شخصیات، اور اٹلی میں مقیم پاکستانیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ واضح رہے کہ اٹلی میں پنجاب سے تعلق رکھنے والے عوام بڑی تعداد میں مقیم ہیں اور متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے پنجاب میں تنظیمی کام تیز کئے جانے کے بعد اٹلی میں مقیم پاکستانیوں میں ایم کیوایم کے نہ صرف اضافہ ہو رہا ہے بلکہ اس بات کی بھی غمازی ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر و فلسفہ دنیا بھر میں تیزی کے ساتھ فروغ پا رہا ہے۔

## ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر کے بزرگ کارکن ریاست اللہ خان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔13، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ایلڈرز ونگ پاک کالونی سیکٹر یونٹ 191 کے کارکن ریاست اللہ خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر کے بزرگ کارکن ریاست اللہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔13، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 191 کے بزرگ کارکن ریاست اللہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## قائد تحریک الطاف حسین خدمت کے بغیر کی جانے والی سیاست کو منافقت تسلیم کرتے ہیں، ڈاکٹر فاروق ستار

## خدمت خلق فاؤنڈیشن نے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے ملک بھر میں ایک وسیع نیٹ ورک قائم کیا

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر میں منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی۔۔۔13، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ووفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن نے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے ملک بھر میں ایک وسیع نیٹ ورک قائم کرلیا ہے قائد تحریک الطاف حسین خدمت کے بغیر کی جانے والی سیاست کو منافقت تسلیم کرتے ہیں، ایم کیوایم اور کے کے ایف کے ہزاروں رضا کار اور کارکنان دن رات سیلاب زدگان کی امداد کیلئے کوشاں ہیں۔انہوں نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے 2 کروڑ روپے سے زائد کی امداد سیلاب زدگان کو بھیجی جا چکی ہے جبکہ مزید کروڑوں روپے کا امدادی سامان روانگی کے آخری مراحل میں ہے اور آج ایک کروڑ روپے کا سامان بھی ان سیلاب زدگان کو فراہم کیا جارہا ہے۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اگر ضرورت پڑی تو ہم اندرون سندھ کے متاثرین کو اپنے گھروں میں بھی رکھیں گے کیونکہ یہ ہمارا انسانی، اخلاقی، قومی اور مذہبی فریضہ ہے، انہوں نے کہا کہ کراچی کی ضلعی انتظامیہ کو بھی ان متاثرین کی امداد کیلئے تیار کیا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر میں منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری، محترمہ نسرین جلیل، سید مصطفیٰ کمال، واسع جلیل، سلیم تاجک، کیف الوریٰ، توصیف خانزادہ اور منتخب حق پرست نمائندے بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اس فلسفہ پر یقین رکھتی ہے (اعانتاً الناس افضل اللہ عبادۃ) ''لوگوں کی خدمت کرنا سب سے بڑی عبادت ہے'' قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم خدمت کے بغیر کی جانے والی سیاست کو منافقت سمجھتے ہیں بلکہ خدمت کو ہمیشہ سیاست پر ترجیح دیتے ہیں۔مشکل اور کڑے وقت میں ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی خدمات کسی سے پوشیدہ نہیں ہیں۔چاہے آزاد کشمیر اور صوبہ سرحد میں آنے والا قیامت خیز زلزلہ ہو، سونامی ہو، بام کا زلزلہ ہو یا ملک کے مختلف شہروں میں طوفانی بارشوں کی امداد کا معاملہ ہو یا تھر اور بلوچستان میں قحط سالی ہو ہر موقع پر ہم نے متاثرین کی جس طرح بڑھ چڑھ کر امداد کی ہے وہ ریکارڈ پر موجود ہے۔ہر موقع پر متاثرین کی امداد کیلئے ایم کیوایم سب سے آگے نظر آتی ہے اور خدمت خلق کا یہ سفر آج بھی پوری توانائیوں کے ساتھ جاری ہے۔جیسا کہ آپ کو یاد ہوگا کہ آزاد کشمیر اور ایران کے شہر بام کا زلزلہ ہو، ملک میں سیلاب ہو یا بارشوں سے ہونے والی تباہی ہو متحدہ قومی موومنٹ کے ذیلی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن نے اربوں روپے کی غذائی اور مالی امداد متاثرین تک پہنچائی۔ایم کیوایم امداد و بحالی کی سرگرمیوں میں سب سے آگے نظر آتی ہے اور خدمت خلق کا یہ سفر آج بھی بھرپور انداز میں جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ ہمارے ملک کے بیشتر علاقے ایک مرتبہ پھر سیلاب جیسی قدرتی آفت کا شکار ہیں جسے بین الاقوامی سطح پر اب سونامی سے بڑا سانحہ اور آفت قرار دیا جارہا ہے۔اس سیلاب نے ملک کے چاروں صوبوں کو بری طرح سے متاثر کیا ہے جس سے ہزاروں کی تعداد میں قیمتی جانیں ضائع ہوگئیں ہیں اور اربوں روپے کی املاک، مال مویشی، کھیت اور گھر بار تباہ ہو چکے ہیں۔لاکھوں لوگ بے گھر ہیں اور انہیں چادر اور چار دیواری کی تلاش ہے۔قائد تحریک جناب الطاف حسین اس حوالے سے مسلسل اپیل کررہے ہیں کہ سیاسی اختلافات بھلا کر میدان عمل میں آئیں اور اس مشکل گھڑی میں سیلاب زدہ افراد کا ساتھ دیں، قائد تحریک الطاف حسین بھی اب تک سیلاب فنڈ میں 10 لاکھ روپے کا عطیہ دے چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اور اس کا فلاحی ادارہ کے کے ایف قائد تحریک الطاف حسین کی فوری ہدایت پر سیلاب زدگان کی امداد کررہے ہیں اور ان کی بحالی کے لئے نہ صرف کوشاں ہیں بلکہ میدان عمل میں موجود ہیں۔اس سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر واقع فیڈرل بی ایریا کراچی میں ایک مرکزی امدادی کیمپ سیلاب کی اطلاعات ملنے کے ساتھ ہی قائم کردیا گیا تھا جہاں ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے سینکڑوں کارکنان اور رضا کار ہمہ وقت امدادی سرگرمیوں میں مصروف عمل ہیں۔ایم کیوایم نے اپنی امدادی اشیاء سیلاب زدگان تک پہنچانے کے لئے ملک بھر میں

ایک وسیع اور قابل عمل نیٹ ورک بھی تشکیل دے دیا ہے۔ ملک میں سیلاب زدگان کو امداد فراہم کرنے کیلئے صوبہ سندھ میں سکھر اور حیدرآباد میں بھی بیس کیمپس قائم کئے گئے ہیں، حیدرآباد بیس کیمپ سے میر پور خاص، نواب شاہ، جامشورو، ٹھٹھہ دادو اور سکھر بیس کیمپ سے کشمور، شکار پور، گھوٹکی، خیر پور اور لاڑکانہ کے متاثرین کو امداد پہنچائی جارہی ہے۔ اسی طرح ملک کے تمام بڑے شہروں میں موجود ایم کیو ایم کے زونل دفاتر کو امدادی کیمپس میں تبدیل کردیا گیا ہے جہاں سے سیلاب زدگان کیلئے امدادی سامان متاثرین کو فراہم کیا جارہا ہے۔ حیدرآباد اور سکھر میں مختلف بندوں پر جہاں کے پشتے ٹوٹ چکے تھے یا کمزور ہو گئے تھے وہاں اس وقت بھی ایم کیو ایم کے کارکنان اپنے صوبائی وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی کے ذریعے گزشتہ ہفتے سے پشتے قائم کرنے میں مصروف عمل ہیں۔ اب تک پتھروں اور مٹی کی ہزاروں بوریوں کی مدد سے کمزور پشتوں کو از سر نو بنا کر علاقوں کو مزید سیلاب سے محفوظ کردیا گیا ہے اگر ایم کیو ایم کے کارکنان فوری طور پر ایسا اقدام نہیں کرتے تو مزید علاقے اس سیلاب کی لپیٹ میں آسکتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن اب تک 2 کروڑ روپے سے زائد امداد ملک بھر کے سیلاب زدگان تک پہنچا چکی ہے ہمیں خوشی ہے کہ کراچی اور ملک بھر کے دیگر مخیّر حضرات اور عوام نے بھی اپنے دست تعاون کو بڑھایا ہوا ہے۔ جو امدادی سامان سیلاب ذدگان کو فراہم کیا جارہا ہے اس میں اشیائے خورد ونوش یعنی آٹا، چاول، گھی، کھانے کا تیل، خشک دودھ، چائے پینے کا صاف پانی، نمک، شکر، بسکٹ، نہانے اور کپڑے دھونے کے صابن، مختلف دالیں جان بچانے کی ادویات، ویکسین، مرہم پٹی کا سامان، سلے سلائے ملبوسات، کمبل، رضائیاں اور چادریں وغیرہ شامل ہیں۔ اب تک کئی ٹرک ان تمام اجناس کے ساتھ روانہ کئے جاچکے ہیں اور کل رات ہی لاکھوں روپے کا سامان بذریعہ ٹرین روانہ کیا جاچکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم آپ کے توسط سے کراچی سمیت ملک بھر کے مخیّر حضرات کے بہت شکر گزار ہے کہ انہوں نے ہماری اس امدادی مہم سے مکمل تعاون کیا انہوں نے امدادی اشیاء بھی دیں اور نقد رقوم بھی عطیہ کیں۔ ہم دیگر مخیّر حضرات سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ بھی آگے بڑھیں اور اس کارخیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ وہ اپنے عطیات اور نقد رقوم کراچی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں قائم کئے گئے مرکزی کیمپ تک پہنچائیں جہاں سے ان کی امدادی اشیاء بذریعہ ٹرک وٹرین سیلاب زدگان تک پہنچادی جائیں۔ مخیّر حضرات مزید معلومات کیلئے ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد کے فون نمبر 021-36313690 یا 021-36329900 اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر کے فون نمبر 021-36374882 پر بھی رابطہ کرسکتے ہیں۔ فاروق ستار نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ اور ارباب اختیار سے مطالبہ کرتے ہیں کہ سیلاب زدگان کی امداد میں کوئی کسٹر نہ چھوڑی جائے اور مصیبت اور دکھ کی گھڑی میں متاثرین کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

☆☆☆☆☆